A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

87

Roll No. | | | | | | |    Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________    Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) لفظ ''اردو'' کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ عربی    ب۔ فارسی
ج۔ ہندی    د۔ ترکی

(ii) اُردو نثر کا پہلا باقاعدہ دور کس شہر سے تعلق رکھتا ہے؟

الف۔ دہلی    ب۔ دکن
ج۔ رام پور    د۔ بنارس

(iii) ''باغ و بہار'' کس شہر کی تہذیب کی نمائندگی کرتی ہے؟

الف۔ دہلی    ب۔ لکھنؤ
ج۔ بھوپال    د۔ دکن

(iv) اُردو ادب میں مضمون نگاری کا آغاز کس نے کیا؟

الف۔ مرزا غالب    ب۔ سرسید احمد خان
ج۔ مولانا حالی    د۔ مولانا شبلی نعمانی

(v) ناول ''خدا کی بستی'' کا خالق کون ہے؟

الف۔ پریم چند    ب۔ بانو قدسیہ
ج۔ شوکت صدیقی    د۔ عزیز احمد

(vi) اُردو ادب میں پریم چند نے کس صنف کا آغاز کیا؟

الف۔ ناول    ب۔ افسانہ
ج۔ ڈراما    د۔ مضمون

(vii) ''مقدمہ شعر و شاعری'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

الف۔ شاعری    ب۔ افسانہ
ج۔ طنز و مزاح    د۔ تنقید

(viii) پطرس بخاری اردو زبان و ادب کے منفرد ________ ہیں۔

الف۔ ناول نگار    ب۔ مزاح نگار
ج۔ افسانہ نگار    د۔ مضمون نگار

(ix) اُردو زبان کا پہلا شاعر کسے تسلیم کیا گیا؟

الف۔ ملا وجہی    ب۔ ملک الشعراء نصرتی
ج۔ شاہ حاتم    د۔ ولی دکنی

(x) دبستانِ دہلی کے نمائندہ شاعر کون سے ہیں؟

الف۔ میر تقی میر اور رفیع سودا    ب۔ میر تقی میر اور خواجہ میر درد
ج۔ مرزا غالب اور ابراہیم ذوق    د۔ آتش اور ناسخ

Result.pk

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) " مدوجزرِ اسلام " کا خالق کون ہے؟

الف۔ مولانا الطاف حسین حالؔی　　ب۔ محمد حسین آزاؔد

ج۔ اکبرالہ آبادؔی　　د۔ علامہ محمد اقباؔل

(xii) " حمد " کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ عربی　　ب۔ فارسی

ج۔ ہندی　　د۔ ترکی

(xiii) جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مطلع　　ب۔ مقطع

ج۔ قافیہ　　د۔ ردیف

(xiv) " بانگِ درا " ، " بالِ جبریل " ، " ارمغانِ حجاز" کس شاعر کے مجموعہ کلام ہیں؟

الف۔ مجید امجد　　ب۔ فیض احمد فیض

ج۔ علامہ محمد اقبال　　د۔ احمد ندیم قاسمی

(xv) " شاہ نامۂ اسلام " کا خالق کون ہے؟

الف۔ جوش ملیح آبادی　　ب۔ علامہ محمد اقبال

ج۔ حفیظ جالندھری　　د۔ ن۔م۔راشد

(xvi) "زندگی سے ڈرتے ہو " کس صنف شاعری سے تعلق رکھتی ہے؟

الف۔ آزاد نظم　　ب۔ مسدس

ج۔ غزل　　د۔ نظم

(xvii) کون سی کتاب فیض احمد فیض کی ہے؟

الف۔ گلبانگِ جہاد　　ب۔ نقشِ فریادی

ج۔ موجِ صبا　　د۔ سوز و ساز

(xviii) مجید امجد نے کس صنفِ شاعری کو خاص طور پر اپنایا؟

الف۔ غزل　　ب۔ نظم

ج۔ مرثیہ　　د۔ مثنوی

(xix) رباعی لفظ " ربع " سے نکلا ہے۔جس کے معنی ہیں۔

الف۔ ایک　　ب۔ تین

ج۔ چار　　د۔ چھ

(xx) احسان دانش نے ابتداء میں کیا پیشہ اختیار کیا؟

الف۔ ملازمت　　ب۔ مزدوری

ج۔ صحافت　　د۔ ادارت

---

برائے ممتحن :　　کل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: 

Result.pk

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲۔ توبۃ النصوح ایک اصلاحی ناول ہے؟ بحث کریں۔ (12)

(یا)

مرزا ظاہر دار بیگ ایک جیتا جاگتا کردار ہے۔ ناول کے حوالے سے وضاحت کریں۔

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) سلطانِ یمن کو دوسرے ملک کی بادشاہت کس طرح مل گئی؟

(ii) بڑے چچا کے قتل کی خبر پڑھ کر عالیہ کی کیا حالت ہوئی؟

(iii) شراب کو ''اُم الخبائث'' کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

سوال نمبر ۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ شریف حسین نے اب اپنے مستقبل کے متعلق زیادہ سوچنا چھوڑ دیا تھا۔ دفتروں کے رنگ ڈھنگ دیکھ کر وہ اس نتیجہ پر پہنچ گیا تھا۔ کہ ترقی لطیفۂ غیبی سے نصیب ہوتی ہے۔ کڑی محنت جھیلنے اور جان کھپانے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اس کی تنخواہ میں ہر دوسرے برس تین روپے کا اضافہ ہو جاتا۔ جس سے بچوں کی تعلیم وغیرہ کا خرچ نکل آتا اور اسے زیادہ تنگی نہ اُٹھانا پڑتی۔

ب۔ اب میں بیل سے نہ دبتا تھا۔ اسے بھی میرے علم و فضل کا معترف ہونا پڑا۔ اگر ہفتہ میں دس کتابیں پڑھتی تھی۔ تو میں صرف دو دن کے بعد ان سب کتابوں پر رائے زنی کر سکتا تھا۔ اب اس کے سامنے ندامت کا کوئی موقع نہ تھا۔ میری مردانہ روح میں اس احساسِ فتح مندی سے بالیدگی سی آگئی تھی۔ میں اب اُس کے لیے کرسی خالی کرتا تو عظمت و برتری کے احساس کے ساتھ جیسے ایک تجربہ کار تنومند نوجوان ایک نادان کمزور بچی کی حفاظت کر رہا ہو۔

Result.pk

سوال نمبر ۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے ہیں، سچا ایک نام اس کا
ہر اک ذرہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے۔ پیام اس کا
نظام اپنا لیے پھرتا ہے۔ کیا خورشیدِ نور افشاں
ہزاروں ایسی دنیاؤں کو شامل ہے نظام اس کا

ب۔
یہ صبح ہے وہ صبح مبارک ہے جس کی شام
یاں سے ہوا جو کوچ تو ہے خُلد میں مقام
کوثر پہ آبرو سے پہنچ جائیں تشنہ کام
لکھے ذرا نماز گذاروں میں سب کے نام
سب ہیں وحیدِ عصر یہ غُل چار سُو اُٹھے
دنیا سے جو شہید اُٹھے سُرخرو اُٹھے

سوال نمبر ۶۔ خوشی محمد ناظر کی شاملِ نصاب نظم ''جوگی'' میں صبح کے منظر کی جو تصویر کشی کی گئی ہے۔ اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ (9)

(یا)

حفیظ جالندھری پر ایک مختصر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیے۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ علامہ محمد اقبال بحیثیت قومی شاعر
ب۔ ادب برائے زندگی
ج۔ اُردو ادب میں ناول نگاری
د۔ سرسید احمد خان کی علمی و ادبی خدمات

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ داستان
ب۔ ڈراما

سوال نمبر ۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ نعت
ب۔ نظم